روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 28 جنوری 2009ء 1430 ہجری 28 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 22

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دیکھو! یاد رکھنے کا مقام ہے کہ بیعت کے چند الفاظ جو زبان سے کہتے ہو کہ میں گناہ سے پرہیز کروں گا۔ یہی تمہارے لئے کافی نہیں ہیں اور نہ صرف ان کی تکرار سے خدا راضی ہوتا ہے بلکہ خدا تعالیٰ کے نزدیک تمہاری اس وقت قدر ہوگی جبکہ دلوں میں تبدیلی اور خدا تعالیٰ کا خوف ہو؛ ورنہ ادھر بیعت کی اور جب گھر میں گئے تو وہی برے خیالات اور حالات رہے تو اس سے کیا فائدہ؟ یقیناً مان لو کہ تمام گناہوں سے بچنے کے لئے بڑا ذریعہ خوف الٰہی ہے اگر یہ نہیں ہے تو ہرگز ممکن نہیں کہ انسان ان سب گناہوں سے بچ سکے جو کہ اسے مصری پر چیونٹیوں کی طرح چمٹے ہوئے ہیں۔ مگر خوف ہی ایک ایسی شئے ہے کہ حیوانات کو بھی جب ہو تو وہ کسی کا نقصان نہیں کر سکتے۔ مثلاً بلی جو کہ دودھ کی بڑی حریص ہے۔ جب اسے معلوم ہو کہ اس کے نزدیک جانے سے سزا ملتی ہے پرندوں کو جب علم ہو کہ اگر یہ دانہ کھایا تو جال میں پھنسے اور موت آئی، تو وہ اس دودھ اور دانہ کے نزدیک نہیں پھٹکتے۔ اس کی وجہ صرف خوف ہے۔ پس جبکہ لایعقل حیوان بھی خوف کے ہوتے ہوئے پرہیز کرتے ہیں تو انسان جو عقلمند ہے، اسے کس قدر خوف اور پرہیز کرنا چاہئے۔ یہ امر بہت ہی بدیہی ہے کہ جس موقعہ پر انسان کو خوف پیدا ہوتا ہے اس موقعہ پر وہ جرم کی جرأت ہرگز نہیں کرتا۔

مثلاً طاعون زدہ گاؤں میں اگر کسی کو جانے کو کہا جاوے، تو کوئی بھی جرأت کر کے نہیں جاتا حتیٰ کہ اگر حکام بھی حکم دیویں تو بھی ترساں اور لرزاں جائے گا اور دل پر یہ ڈر غالب ہوگا کہ کہیں مجھ کو بھی طاعون نہ ہو جاوے اور وہ کوشش کرے گا کہ مفوضہ کام کو جلد پورا کر کے وہاں سے بھاگے۔

پس گناہ پر دلیری کی وجہ بھی خدا کے خوف کا دلوں میں موجود نہ ہونا ہے۔ لیکن یہ خوف کیونکر پیدا ہو۔ اس کے لئے معرفت الٰہی کی ضرورت ہے۔ جس قدر خدا تعالیٰ کی معرفت زیادہ ہوگی اسی قدر خوف زیادہ ہوگا۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 95)

مضبوط قلعہ

حضرت حارث الاشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
اللہ کو یاد کرو اور ذکر الٰہی کی مثال یوں سمجھو کہ جیسے کسی آدمی کا اس کے دشمن نہایت تیزی کے ساتھ پیچھا کرتے رہے ہوں یہاں تک کہ اس آدمی نے بھاگ کر ایک نہایت مضبوط قلعہ میں پناہ لی اور دشمنوں کے ہاتھ لگنے سے بچ گیا۔ اسی طرح بندہ شیطان سے بچ نہیں سکتا مگر اللہ کی یاد کے سہارے۔

(جامع ترمذی کتاب الامثال باب مثل الصلوٰۃ حدیث نمبر:2790)

طاہر فاؤنڈیشن سے رابطہ کریں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے حوالہ سے نئے مواد کی اشاعت کی ذمہ داری طاہر فاؤنڈیشن کی ہے۔ احباب کی خدمت میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے بارہ میں کوئی مواد یا کتاب شائع کرنے سے قبل طاہر فاؤنڈیشن سے رابطہ کرنے کی درخواست ہے۔

(سیکرٹری طاہر فاؤنڈیشن)

IAAAE 28واں سالانہ کنونشن

انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹیکٹس اینڈ انجینئرز (IAAAE) کا 28واں سالانہ کنونشن مورخہ 7 اور 8 مارچ 2009ء کو ایوان ناصر دفاتر مجلس انصاراللہ پاکستان ربوہ میں منعقد ہوگا۔ تمام خواہشمند احباب وخواتین نیز احمدی انجینئرز / ڈپلومہ انجینئرز و آرکیٹیکٹ صاحبان کو شرکت کی بھرپور دعوت ہے۔

نوٹ: اس کنونشن میں انڈسٹریل نمائش کا بھی اہتمام کیا جارہا ہے۔ خواہشمند احمدی مینوفیکچررز اور کاروباری حضرات بھی اس سلسلہ میں رابطہ فرمالیں۔

(جنرل سیکرٹری IAAAE)

ضرورت کمپیوٹر آپریٹر

دفاتر تحریک جدید میں ایسے کمپیوٹر آپریٹرز کی ضرورت ہے جن کی تعلیم کم از کم ایف اے سیکنڈ ڈویژن ہو۔ جو کمپیوٹر پر کمپوزنگ کرنا جانتے ہوں۔ Inpage اور Ms.Office سے بخوبی واقفیت رکھتے ہوں۔ نیز Database کا کام بھی کر سکتے ہوں اور انٹرنیٹ کو چلانا جانتے ہوں۔ اردو کمپوزنگ کا کم سے کم دو سال کا تجربہ رکھتے ہوں۔ خواہشمند احباب اپنی درخواستیں تعلیمی سندات قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور ایک عدد تصویر کے ہمراہ مورخہ 15 فروری 2009ء تک امیر / پریذیڈنٹ کی سفارش کے ساتھ وکالت دیوان تحریک جدید کو بھجوا دیں۔ امیدوار کی عمر 35 سال سے زائد نہیں ہونی چاہئے۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید)

مکرم ابدال ربانی صاحب نائب افسر جلسہ گاہ

جماعت احمدیہ فرانس کا 17 واں جلسہ سالانہ

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جماعت احمدیہ فرانس کا 17واں جلسہ سالانہ بروز 8، 9 اور 10 اگست 2008ء کو بیت السلام Saint Prix میں پوری شان و شوکت کے ساتھ اور خالصتاً دینی اور روح پرور روحانی ماحول میں اپنی شاندار روایت کے ساتھ منعقد ہوا۔ یہ جلسہ سالانہ اس لحاظ سے قابل ذکر تھا کہ یہ خلافت جوبلی کے سال کا جلسہ تھا۔

پہلا دن 8 راگست

جمعہ 8 راگست کو بعد از نماز جمعہ جلسہ کی روح پرور تقریبات کا آغاز ہوا۔ مخلصین کی بھاری تعداد نے نماز جمعہ کی ادائیگی کی توفیق پائی۔ مکرم مولانا نصیر احمد صاحب مربی سلسلہ نے جلسہ سالانہ کی اہمیت، اس کی برکات اور اس میں شریک ہونے والوں کے لئے حضرت مسیح موعود کی دعاؤں کے حوالہ سے خطبہ جمعہ دیا۔ نماز جمعہ کے بعد تمام احباب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ MTA کے توسط سے براہِ راست سنا۔ اس کے بعد وقفہ ہوا۔

پرچم کشائی

افتتاحی اجلاس سے قبل مکرم اشفاق ربانی صاحب امیر جماعت احمدیہ فرانس نے فرانس کا قومی پرچم جبکہ مکرم نصیر احمد صاحب شاہد مربی سلسلہ فرانس نے لوائے احمدیت لہرایا۔ بعد ازاں مکرم امیر صاحب نے دعا کروائی اور احباب جماعت نے پرجوش نعروں کے ساتھ اپنے دلی جذبات کا اظہار کیا۔

افتتاحی اجلاس

افتتاحی اجلاس محترم امیر صاحب کی زیر صدارت ہوا۔ تلاوت و نظم کے بعد اجلاس کی پہلی تقریر محترم اشفاق ربانی صاحب امیر جماعت احمدیہ فرانس کی تھی آپ نے ''خلافت کی اہمیت'' کو قرآن و حدیث اور حضرت مسیح موعود کے ارشادات کی روشنی میں تفصیل سے بیان کیا۔ اس اجلاس کی دوسری اور آخری تقریر مکرم اشتیاق احمد صاحب صدر مجلس انصار اللہ فرانس کی تھی آپ نے ''خلافت کی برکات'' کے عنوان پر روشنی ڈالی۔

مجلس سوال و جواب

رات کے کھانے اور نماز مغرب وعشاء کے بعد احباب جماعت کے لئے ایک محفل سوال و جواب منعقد ہوئی۔ مربی سلسلہ مکرم نصیر احمد شاہد صاحب نے حاضرین کے سوالات کے جوابات دیئے۔

دوسرا دن 9 راگست

دوسرے دن کا آغاز باجماعت نماز تہجد اور نماز فجر سے ہوا۔ مکرم مولانا نصیر احمد صاحب مربی سلسلہ نے نماز فجر کے بعد درس قرآن کریم دیا۔ احباب نے انفرادی تلاوت قرآن کریم سے اپنی روحوں کو شادکام کیا۔ کچھ آرام اور ناشتہ کے بعد آج کے دن اور جلسہ کے دوسرے اجلاس کی کارروائی شروع ہوئی۔

دوسرا اجلاس

دوسرا اجلاس صبح 11 بجے مکرم سمیر بخوطہ صاحب کی صدارت میں تلاوت قرآن پاک سے شروع ہوا۔ تلاوت و نظم کے بعد اس اجلاس کی پہلی تقریر مکرم مقصود الرحمٰن صاحب کی تھی آپ نے ''خلافت ایک امن کا حصار'' کے موضوع پر مدلل انداز میں مضمون کو بیان کیا۔ اس اجلاس کی دوسری تقریر مکرم محمد ایوب صاحب نے کی۔ آپ نے ''خلفائے راشدین کی سیرت'' کو جامع انداز میں پیش کیا۔

تیسرا اجلاس

دوپہر کے کھانے اور نماز ظہر وعصر کے بعد تیسرے اجلاس کی کارروائی مکرم نصیر احمد صاحب شاہد مربی سلسلہ کی صدارت میں شروع ہوئی۔ یہ اجلاس فرنچ زبان میں ہوا اور فرنچ نہ سمجھنے والوں کے لئے اُردو ترجمہ کا انتظام کیا گیا تھا۔ تلاوت و نظم کے بعد دو تقاریر ہوئیں یہ دونوں تقاریر فرنچ زبان میں تھیں۔ مکرم عثمان طورے صاحب نے ''خلیفہ خدا بناتا ہے'' کے موضوع پر تقریر کی اور مکرم عمر احمد صاحب نے ''ستائیس مئی: یوم قدرت ثانیہ'' کے عنوان پر تقریر کی۔

ایک وقفہ کے بعد پروگرام کے مطابق دعوت الی اللہ کے پروگرام کی نشست کا وقت تھا۔ مکرم نصیر احمد شاہد صاحب نے سوالات کے جواب دیئے۔ بعد ازاں رات کا کھانا دیا گیا اور نماز مغرب وعشاء ادا کی گئیں۔

آخری دن 10 راگست

حسب معمول باجماعت نماز تہجد ہوئی اور نماز فجر کے بعد مکرم نصیر احمد صاحب شاہد مربی فرانس نے درسِ حدیث دیا بعد ازاں احباب کی خدمت میں ناشتہ پیش کیا گیا۔

اختتامی اجلاس

اجلاس کی پہلی تقریر میں خاکسار نے ''فتنہ غیر مبائعین اور اس کا انجام'' پر اظہار خیال کیا۔ اس اجلاس کی دوسری تقریر مکرم جناب سعید ہدوی صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ فرانس نے ''سیرت خلفاء احمدیت'' کے موضوع پر کی۔ آپ کی تقریر فرنچ میں تھی۔

آخری تقریر مکرم نصیر احمد شاہد صاحب مربی سلسلہ نے کی، آپ نے ''استحکام خلافت اور ہماری ذمہ داریاں'' کے عنوان پر تقریر کی۔

دعا سے قبل مکرم امیر صاحب فرانس نے حضرت اقدس مسیح موعود کا ایک اقتباس پیش کیا۔ بعد ازاں مکرم امیر صاحب نے دعا کروائی۔ اس طرح جماعت احمدیہ فرانس کا 17واں جلسہ سالانہ دعاؤں کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔

پروگرام جلسہ مستورات

جلسہ کی تمام کارروائی مستورات کے لئے ریلے کی جاتی رہی اور ترجمہ کا انتظام بھی کیا گیا تھا۔ بروز ہفتہ مستورات کا اپنا اجلاس منعقد ہوا جس کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا نظم کے بعد پہلی تقریر بعنوان: ''قیام خلافت۔ قرآن و حدیث کی روسے'' محترمہ ایقہ رحمٰن صاحبہ نے فرنچ میں کی۔ دوسری تقریر محترمہ قدسیہ ابدال صاحبہ نے اردو میں کی جس کا عنوان تھا: ''خلافت کی اہمیت: خلفاءِ احمدیت کے ارشادات کی روشنی میں''۔ اس تقریر کا ترجمہ محترمہ ایقہ رحمٰن صاحبہ نے پیش کیا۔ تیسری تقریر محترمہ مبشرہ نصیر صاحبہ نے ''نظام خلافت پر اعتراضات کے جوابات'' کے موضوع پر کی۔ اس تقریر کا فرنچ ترجمہ محترمہ منذیراں اسمارصاحبہ نے پیش کیا۔ آخر پر بچیوں اور مستورات کے ایک گروپ نے ایک ترانہ پیش کیا اور محترمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ فرانس نے دعا کروائی۔

جلسہ سالانہ کے موقع پر مختلف سٹال لگائے گئے تھے۔ مستورات نے علاوہ دیگر سٹالوں کے ایک تصویری نمائش کا اہتمام بھی کیا تھا جو تینوں دن جاری رہی۔ جسے مستورات کے علاوہ احباب جماعت نے بھی دلچسپی سے دیکھا۔

ویب ریڈیو اور ٹی وی

امسال جلسہ سالانہ کی کارروائی پہلی مرتبہ فری ویب ریڈیو اور ٹی وی پر نشر کی گئی جسے کئی لوگوں نے سنا اور دیکھا۔

22 مختلف اقوام سے تعلق رکھنے والے افراد جماعت نے اس مبارک جلسہ میں شرکت کی توفیق پائی۔ کل حاضری 539 رہی۔ جس میں مردوں کی تعداد 286 اور مستورات کی تعداد 253 تھی۔

احباب سے درخواست دعا ہے اللہ تعالیٰ یہ جلسہ فرانس کے لئے اور جماعت کے لئے بہت بابرکت کرے اور مثمر بثمرات حسنہ ہو۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 26 دسمبر 2008ء)

☆.....☆.....☆

مکرم سیف علی شاہد صاحب امیر ضلع

ضلع میرپورخاص کے خلافت جوبلی پروگرام

میرپورخاص شہر

مورخہ 25 مئی 2008ء کو جلسہ یوم خلافت محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب امیر ضلع میرپور خاص کی صدارت میں بلال گیسٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ جس کو جھنڈیوں غباروں اور بینرز سے سجایا گیا تھا۔ اسی دن خلافت جوبلی کی اشیاء پر مشتمل سٹالز بھی لگائے گئے۔

تلاوت و نظم کے بعد خاکسار نے اطاعت خلافت، مکرم مسعود احمد چانڈیو مربی سلسلہ نے اہمیت خلافت، مکرم طاہر احمد خالد صاحب مربی سلسلہ نے منصب خلافت، مکرم محمد صدیق صاحب مربی سلسلہ نے برکات خلافت اور محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب امیر ضلع میرپورخاص نے خلافت اور ہماری ذمہ داریاں کے عناوین پر تقاریر کیں۔ اس جلسہ کی کل حاضری 950 افراد تھی۔

مورخہ 27 مئی کو دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ نماز فجر کے بعد مکرم محمد صدیق صاحب مربی سلسلہ نے یوم خلافت کے حوالہ سے درس دیا۔ اس دن 40 بکروں کا صدقہ دیا گیا۔ میرپورخاص میں 125 ڈش سنٹرز ہیں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب ایم ٹی اے پر براہ راست سننے کے لئے گیسٹ ہاؤس میں بھی انتظام کیا گیا تھا۔

پھیرو چیچی

مورخہ 25 مئی 2008ء کو جلسہ یوم خلافت منایا گیا مکرم اقبال احمد صاحب اور مکرم شفیع میمن صاحب مربی سلسلہ نے تقاریر کیں۔

25، 26، 27 مئی کو خدام واطفال کے سہ روزہ ورزشی پروگرام منعقد کروائے گئے۔ ناصرات الاحمدیہ کے بھی علمی و ورزشی مقابلہ جات کروائے گئے۔

لجنہ اماء اللہ نے ایک نمائش کا اہتمام کیا جس میں ہاتھ سے بنی ہوئی اشیاء رکھی گئیں۔

مورخہ 26 مئی کو وقار عمل کیا گیا۔

مورخہ 27 مئی کو احباب جماعت کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔

25 تا 27 مئی جماعت نے بھی خلافت جوبلی نمائش کا اہتمام کیا۔

☆.....☆.....☆

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم منصور احمد لقمان صاحب

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی کتاب

منصب خلافت

کا سوال و جواب کی صورت میں خلاصہ

سوال۔ ''منصب خلافت'' پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے کس تاریخ کو خطاب فرمایا؟

جواب: 12؍ اپریل 1914ء

سوال۔ حضرت ابراہیمؑ نے تعمیر مکہ کے وقت کونسی گئی دعا کی تھی؟

جواب۔ ربنا وابعث فیھم...... (البقرۃ:130)

سوال۔ انبیاء اور ان کے جانشین کے کونسے چار کام ہوتے ہیں؟

جواب۔ 1۔ وہ تیری آیات ان پر پڑھے یعنی تبلیغ الحق اور دعوت الی الخیر کرے۔ 2۔ ان کو کتاب سکھائے یعنی ان کو شریعت سکھائے اور فرائض کی تعلیم دے۔ 3۔ حکمت سکھائے یعنی ان کو اعمال کی حقیقت اور حکمت سکھائے۔ 4۔ اور ان کو پاک کرے یعنی ان کے لئے دعا کرے۔

سوال۔ سورۃ البقرہ کی ترتیب کی حکمت بیان کریں؟

جواب۔ پہلے بتایا کہ قرآن کریم کا نازل کرنے والا خدا ہے۔ پھر اس کی غرض و غایت اور ضرورت بتائی۔ پھر متقین کے اعمال اور کام بتائے۔ پھر اس کتاب کے ماننے والوں اور منکروں میں امتیاز بتایا۔ پھر بتایا کہ انسان چونکہ عبادت الٰہی کے لئے پیدا کیا ہے۔ اس لئے اس کے لئے ہدایت نامہ خدا تعالیٰ کی طرف سے آتا رہا۔ جیسے آدم کی بعثت ہوئی اور پھر لمبا سلسلہ انبیاء کا بنی اسرائیل میں ہوا۔ پھر بنی اسماعیل پر اتمام حجت کیا۔

سوال۔ اس آیت میں کس عظیم الشان نبی کی پیشگوئی ہے؟

جواب۔ آنحضرت ﷺ کی۔

سوال۔ سورۃ البقرہ میں عظیم الشان نبی ﷺ کے موعود ہونے کے ثبوت کے طور پر کس طرح چار ضرورتوں کے پورا ہونے کا ذکر کیا گیا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ، ملائکہ، کلام الٰہی، اور نبوت کا ثبوت دے کر تلاوت آیات کا نمونہ دیا۔ پھر مختصر طور پر دینی تعلیم کے موٹے موٹے احکام بیان فرمائے اور بتایا کہ یہ شریعت بے عیب ہے۔ قومی ترقی کے راز اور شرائع کی اغراض کا ذکر فرمایا اور حضرت ابراہیمؑ اور طالوتؑ کے واقعات سے بتایا کہ کس طرح قومیں ترقی کرتی ہیں اور کس طرح مردہ قومیں زندہ ہوتی ہیں۔ اس طرح حکمت کی باتیں سکھائی گئی ہیں۔ تزکیہ کے لئے اس سورۃ کو دعا پر ختم کیا ہے۔ اس میں یہ بتایا ہے کہ تزکیہ کا طریق دعا ہے۔ نبی بھی دعا کرے اور جماعت کو بھی دعا کی تعلیم دی۔

سوال: خلیفہ کا کیا کام ہوتا ہے؟

جواب۔ خلیفہ جو ہوتا ہے اس کی غرض یہ ہوتی ہے کہ اپنے پیشرو کے کام کو جاری رکھے پس جو کام نبی کا ہوگا وہی خلیفہ کا ہوگا۔

سوال۔ حضور نے اس موقعہ پر آنے والے نمائندگان جماعت کے لئے کیا دعا کی؟

جواب۔ حضور نے فرمایا: ''آج رات کو میں نے بہت دعائیں کیں اور اپنے رب سے عرض کیا کہ الٰہی میں تو غریب ہوں میں ان لوگوں کو کیا دے سکتا ہوں حضور آپ ہی اپنے خزانوں کو کھول دیجئے اور ان لوگوں کو جو محض دین کی خاطر یہاں جمع ہوئے ہیں اپنے فضل سے حصہ دیجئے۔''

سوال۔ کافر کی دعائیں کیوں قبول ہوتی ہیں؟

جواب۔ اس لئے کہ خدا پر ایمان لائے اور مومن بن جائے۔

سوال۔ مومن کی دعا کیوں قبول کی جاتی ہے؟

جواب۔ اس لئے کہ رشد اور یقین میں ترقی کرے۔

سوال۔ خدا تعالیٰ کی معرفت اور شناخت کا کیا طریق ہے؟

جواب۔ خدا تعالیٰ کی معرفت اور شناخت کا بہترین طریق دعا ہے۔

سوال۔ خلافت کے متعلق حضور نے اپنا کیا مذہب بیان فرمایا؟

جواب: لا خلافۃ الا بالمشورۃ۔ یعنی خلافت جائز ہی نہیں جب تک اس میں شوریٰ نہ ہو۔

سوال۔ آیت کسے کہتے ہیں؟ نبی کا آیات اللہ پڑھنے سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ آیت نشان کو، دلیل کو جس سے کسی چیز کا پتہ لگے کہتے ہیں۔ پس نبی جو آیات اللہ پڑھتا ہے اس سے مراد ہے کہ ایسے دلائل سناتا اور پیش کرتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی ہستی اور اس کی توحید پر دلالت کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فرشتوں، رسولوں اور اس کی کتب کی تائید اور تصدیق ان کے ذریعے ہوتی ہے۔

سوال۔ کتاب کے معنی قرآنی آیت کی مثال دے کر بتائیں؟

جواب۔ کتاب کے معنی شریعت اور فرض کے بھی ہیں جیسے فرمایا: تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں۔

سوال۔ حضرت ابراہیمؑ کے ساتھ خدا تعالیٰ نے کیا وعدہ فرمایا تھا؟

جواب۔ تیرے دونوں بیٹوں کے ساتھ نیک سلوک کروں گا۔

سوال۔ آیات اللہ کی تلاوت میں کونسی جزوی باتیں شامل ہیں؟

1۔ اللہ کی ہستی پر دلائل۔ 2۔ ملائکہ پر دلائل۔ 3۔ ضرورت نبوت اور نبوت محمدیہؐ پر دلائل۔ 4۔ قرآن مجید کی حقیقت پر دلائل۔ 5۔ ضرورت الہام و وحی پر دلائل۔ 6۔ جزا و سزا اور مسئلہ تقدیر پر دلائل۔ 7۔ قیامت پر دلائل شامل ہیں۔

سوال۔ حضور نے خلیفہ کے کام کا کس عہدیدار کے کام سے موازنہ کیا ہے؟

جواب۔ حضور نے خلیفہ کے ساتھ انجمن کے سیکرٹری کا موازنہ کیا ہے جو کام یہاں خلیفہ کے بتائے گئے ہیں وہ کسی انجمن کا سیکرٹری نہیں کر سکتا۔ نہ اس کے فرائض میں کہیں یہ شامل ہے کہ کتاب کی تعلیم سکھائے اور خدا تعالیٰ کے احکام کے اغراض و اسرار بیان کرے وغیرہ۔ یہ کام خلیفہ ہی کر سکتا ہے۔

سوال۔ انجمن کی غرض کیا ہوتی ہے؟

جواب۔ انجمنیں محض اس غرض کے لئے ہوتی ہیں کہ وہ بہی کھاتے رکھیں اور خلیفہ کے احکام کے نفاذ کے لئے کوشش کریں۔

سوال۔ خلیفہ کے روپیہ جمع کرنے اور مدرسہ کے قیام وغیرہ قسم کے کاموں اور دوسری قوموں کے کاموں میں کیا فرق ہوتا ہے؟

جواب۔ خلیفہ اس قسم کے امور کو بطور مبادی اور اسباب کے اختیار کرتا ہے اور یا اختیار کرنے کی ہدایت کرتا ہے۔ دوسری قومیں اس کو بطور اصل مقصد اور غایت کے اختیار کرتی ہیں۔

سوال۔ اس قومی اجتماع کی غرض کیا ہے؟

جواب۔ تاکہ مشورہ کیا جائے کہ خلیفہ کے یہ کام کس طرح کئے جائیں۔

سوال۔ حضور کے نزدیک خلیفہ کے کتنے کام ہیں؟

جواب۔ آٹھ کام ہیں۔

سوال۔ تلاوت آیات کے دو معنی کیا ہیں؟

جواب۔ 1۔ کافروں کو مومن بنانا۔ 2۔ مومنوں کو آیات سنانا۔ ترقی ایمان یا درستی ایمان۔

سوال۔ تعلیم کتاب کا کیا مطلب ہے؟

جواب۔ 1۔ قرآن کریم پڑھانا۔ 2۔ قرآن پر عمل کرانا۔

سوال۔ یزکیھم کے دو معانی بیان کریں؟

جواب۔ 1۔ گناہوں سے بچائے۔ 2۔ نہ صرف گناہوں سے بچائے بلکہ ان میں نیکی پیدا کرے۔

سوال۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی اپنے جانشین کے متعلق کیا وصیت تھی؟

جواب۔ متقی ہو۔ ہر دلعزیز ہو۔ قرآن وحدیث کا درس جاری رہے۔ عالم باعمل ہو۔

سوال۔ الحکمۃ کے معنی بعض ائمہ نے کیا کئے ہیں؟

جواب۔ حدیث کے۔

سوال۔ دعوت الی اللہ کا حق کس طرح ادا ہو سکتا ہے؟

جواب۔ ہمارا یہ کام نہیں کہ ہم لوگوں کو منوا دیں۔ البتہ یہ کام ہمارا ہے اور ہونا چاہئے کہ ہم انہیں حق پہنچا دیں۔

سوال۔ دعوت الی اللہ کے لئے حضور نے کیا تجویز دی؟

جواب۔ ایسے لوگ ہوں جو ہر ایک زبان کے سیکھنے اور پھر جاننے والے ہوں تاکہ ہر زبان میں دعوت الی اللہ کی جاسکے۔

سوال۔ حضرت مسیح موعود نے امریکہ و یورپ وغیرہ میں دعوت الی اللہ کے لئے کس خواہش کا اظہار کیا تھا؟

جواب۔ یورپ و امریکہ کے لوگوں پر دعوت الی اللہ کا حق ادا کرنے کے لئے ایک کتاب انگریزی میں ہو جس میں ان تمام دلائل کو جمع کیا جائے جو دین کی صداقت کے لئے حضرت مسیح موعود کو اللہ تعالیٰ نے سمجھائے۔

سوال۔ حضرت مسیح موعود نے احمدیوں کی شناخت کے لئے کیا تجویز فرمائی؟

جواب۔ ہماری جماعت کا لباس ہی الگ ہو تاکہ ہر شخص بجائے خود ایک............ ہو سکے اور دوستوں کو ایک دوسرے کی ناواقفی میں شناخت آسان ہو۔

سوال۔ مدرسہ احمدیہ کے قیام کی کیا غرض حضور نے بیان فرمائی؟

جواب۔ آپ نے فرمایا: ''میں دیکھتا تھا کہ علماء کے قائم مقام پیدا نہیں ہوتے۔ میرے دوستو! یہ معمولی مصیبت اور دکھ نہیں ہے کیا تم چاہتے ہو۔ ہاں کیا تم چاہتے ہو کہ فتویٰ پوچھنے کے لئے تم ندوہ اور دوسرے غیر احمدی مدرسوں یا علماء سے سوال کرتے پھرو۔ جو تم پر کفر کے فتوے دے رہے ہیں؟ دینی علوم کے بغیر قوم مردہ ہوتی ہے پس اس خیال کو مدنظر رکھ کر باوجود پرجوش مخالفت میں نے مدرسہ احمدیہ کی تحریک کو اٹھایا اور خدا تعالیٰ کے فضل سے وہ مدرسہ دن بدن ترقی کر رہا ہے''۔

سوال۔ واعظین کم از کم کتنے ہوں؟

جواب۔ کم از کم 10 ہوں۔

سوال۔ واعظین کی تعداد کی مناسبت کے ساتھ حضور نے کس نبی کا واقعہ درج فرمایا ہے؟

جواب۔ حضرت لوط علیہ السلام کا واقعہ کہ ان کی قوم میں دس صادق بھی نہ تھے۔

سوال۔ قوم لوط کی نجات کے لئے کس نبی نے دعا کی؟

جواب۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

سوال۔ قوم طالوت کا امتحان کس ذریعہ سے لیا گیا؟

جواب۔ نہر کے ذریعہ۔

(باقی صفحہ 4 پر)

ماخوذ

ریشے دار غذائیں جسم کی ایک اہم ضرورت

ریشے (فائبر) کے بارے میں چند سال ہوئے یہ سمجھا جاتا تھا کہ اس میں کوئی توانائی نہیں ہوتی، یہ محض بھوسی یا چھان ہے اور اسے جانوروں کی غذا خیال کیا جانے لگا، لوگوں نے پھلوں کی بجائے ان کا رس استعمال کرنا شروع کر دیا۔ آٹے کی مصنوعات سے چھان (چوکر) نکال دیا جانے لگا، جس کی وجہ سے مختلف امراض بڑھ گئے، لیکن تحقیقات کے نتیجے میں ریشے کی کمی سے اب تک جن امراض کے بارے میں پتا چلا ہے، ان میں آنتوں کے امراض، ہپاٹائٹس، پتے کی پتھری، قبض، بواسیر، ہرنیا، اپنڈی سائٹس اور قلب کے امراض شامل ہیں۔ ان تحقیقات کے بعد لوگوں کا رجحان پھر ریشے کے استعمال کی جانب ہو گیا ہے۔

ریشہ

ریشہ نباتات کے خلیات کی دیواروں میں پایا جاتا ہے۔ یہ معدے اور چھوٹی آنت میں ہضم نہیں ہوتا۔ لحمیات، نشاستہ اور چکنائیاں سب سے چھوٹی آنت سے گزرتے ہوئے ہضم ہو جاتی ہیں، مگر ریشہ بڑی آنت تک جوں کا توں جاتا ہے۔ وہاں موجود بیکٹیریا اسے توڑتے ہیں اور سادہ نشاستے کی صورت میں لا کر قابل ہضم بنا دیتے ہیں۔ اس سے توانائی فراہم ہوتی ہے۔ ریشہ ہضم کے ہر مقام پر معاون کا کردار ادا کرتا ہے۔ ریشے کے کیمیائی تجزیے کے مطابق اس کے سالماتی (مالیکیولز) چار اجزا ہیں۔

سیلولوس (Cellulose) ہیمی سیلولوس (Hemi Cellulose)، پیکٹین (Pectin) اور لگنائن (Lignine) نیز مختلف غذاؤں میں ان کی مقدار مختلف ہوتی ہے۔ سیلولوس تو گلوکوس کا مرکب ہے، مگر نشاستے کے طور پر غذا کی طرح ہضم نہیں ہوتا۔ اس کی بناوٹ پیچیدہ ہے۔ یہ ہضم ہوئے بغیر آنتوں میں پہنچتا ہے۔ سیلولوس، ہیمی سیلولوس اور لگنائن میں بھوک مٹانے کی صلاحیت زیادہ ہوتی ہے اور غذا کم کھائی جاتی ہے اور وزن نہیں بڑھتا۔

ملیّن

قبض کی شکایت آنتوں میں کم غذا کے سبب ہوتی ہے اور یہ امراض کی جڑ ہے، کیونکہ اس سے بہت سے امراض جنم لیتے ہیں۔ جب غذا کا حجم زیادہ ہو تو وہ معدے سے آگے بڑھتی ہے۔ ریشے کی دونوں صورتیں قابل حل اور نا قابل حل قبض کشا اثرات رکھتی ہیں۔ یہ پانی جذب کرتی ہیں جس سے فضلہ آسانی سے آگے کھسک جاتا ہے۔

آنتوں کے عوارض

متعدد عوارض کا سبب آنتوں پر پڑنے والا بوجھ ہوتا ہے۔ بار بار فضلے سے آنتوں پر بوجھ کے نتیجے میں بواسیر کی تکلیف ہو جاتی ہے۔ غذائی ریشے سے بڑی آنت کا سرطان نہیں ہوتا، کیونکہ ریشے کی وجہ سے فضلہ رکتا نہیں۔ اس کے علاوہ یہ زہریلے مواد کو جلد خارج کرتا ہے۔

ذیابیطس سے بچاؤ

ریشہ جسم میں کافی دیر تک رہتا ہے۔ جس کی وجہ سے انسولین کی زیادہ ضرورت پیش نہیں آتی اور لبلبے کو کام کم کرنا پڑتا ہے اور یوں ریشہ ذیابیطس سے بچاتا ہے اور ذیابیطس کے مریضوں کو اس سے فائدہ ہوتا ہے۔

امراض قلب میں مفید

غذائی ریشہ کولیسٹرول کی سطح کو کم کرتا ہے۔ یوں خون میں اس کی سطح کے کم ہونے سے امراض قلب نہیں ہوتے۔ غذائی ریشے کی وجہ سے آنتوں میں کولیسٹرول کی شرح کم اور اخراج بڑھ جاتا ہے۔

ریشے کی مقدار

جسم انسانی کے لئے روزانہ بیس سے تیس گرام ریشہ کھایا جائے جس میں دس گرام قابل حل ہونا چاہئے۔

ریشے دار غذائیں

ریشہ زیادہ تر اناجوں، دالوں، پھلیوں، سبزیوں، پھلوں میں پایا جاتا ہے۔ پھلوں کے رس کی بجائے سالم پھل استعمال کریں۔ آٹے سے چوکر نہ نکالیں۔ دھلی ہوئی چھلکوں والی دالیں ریشے دار ہوتی ہیں۔ براؤن بریڈ میں ریشہ زیادہ ہوتا ہے۔ موٹی گاجر اور شلجم میں ریشہ وافر ہوتا ہے۔ ریشہ نباتات سے حاصل ہوتا ہے۔ آنتوں میں ہضم کا عمل ایک خامرہ (انزائم) ایمی لیس (Amylace) کرتا ہے۔ غذائی ریشے سے مراد وہ اجزا ہیں جو انسانی نظام ہضم کے انزائم یا رطوبات ہاضم سے متاثر نہیں ہوتے، یعنی گھلتے نہیں۔

ریشے کی دو قسمیں ہیں: قابل حل اور نا قابل حل۔ یہ دونوں قسمیں قبض کشا ہیں۔ یہ پانی جذب کرتی ہیں جس سے فضلہ آسانی سے آگے کھسک جاتا ہے۔ قابل حل ریشہ پانی میں حل ہو جاتا ہے اور اس کی لیس دار لئی سی بن جاتی ہے۔ یہ معدے اور آنتوں میں غذا کے سفر کی رفتار کو کم کرتا ہے۔ اس کے صفرا کے تیزاب خارج ہو کر غذا کے ہضم میں مدد دیتے ہیں۔ یہ صفراوی اجزا خون میں کولیسٹرول کو کم کرتے ہیں۔ نا قابل حل قسم پانی میں حل نہیں ہوتی۔ یہ ہر قسم کے سرطان سے محفوظ رکھنے میں معاون ہے۔ ریشے کو طب مشرق میں بڑی اہمیت حاصل رہی ہے۔ تمام معجونوں اور جوارشات میں جڑی بوٹیوں کا ریشہ شامل ہوتا ہے۔ معجون کی دواؤں کو باریک پیسا جاتا ہے، جب کہ جوارش کی دوائیں ذرا موٹی رکھی جاتی ہیں، تا کہ یہ معدے سے اتر کر آنتوں میں پہنچے تو اس میں موجود ریشے سے ان کا فعل تیز کریں۔

ریشے کے فوائد

ریشے کا حجم زیادہ ہوتا ہے۔ اس لئے پیٹ جلد بھرتا ہے۔ اس طرح حرارے (کیلوریز) کم سے کم استعمال ہوتے ہیں۔ زیادہ ریشے والی غذاؤں کو چبانا پڑتا ہے۔ اس طرح معدے کا رس اور لعاب زیادہ بنتا ہے۔ جو ہاضمے میں معاون ہے۔ اس لئے کھانے کے دوران جلد سیر ہونے کا احساس ہوتا ہے۔ ریشہ پھول کر عمل ہضم کی رفتار درست کرتا ہے۔ جب ریشہ زیادہ کھایا جائے تو چھوٹی اور بڑی آنت میں پانی کی مقدار زیادہ ہو جاتی ہے۔ اس طرح فضلہ آسانی سے خارج ہو جاتا ہے۔ (ہمدرد صحت اکتوبر 2007ء)

بقیہ صفحہ 3 منصب خلافت

سوال۔ حضرت اقدس مسیح موعود اور پھر حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی کیا شدید خواہش تھی جسے لوگوں نے بھلا دیا؟

جواب۔ ایک ایسا رسالہ ہو جس میں عقائد احمدیہ ہوں۔

سوال۔ آنحضرت ﷺ کا طریق وعظ کیا تھا؟

جواب۔ رسول اللہ ﷺ مختصر وعظ فرماتے تھے اور کبھی ایسا بھی ہوا کہ وعظ کے درمیان ظہر بھی پڑی اور پھر عصر بھی وعظ کے دوران پڑھی اور وعظ جاری رہا۔

سوال۔ حضرت اقدس مسیح موعود کے کل کتنے اشتہارات تھے؟

جواب۔ 180 سے زیادہ تھے۔

سوال۔ تزکیہ نفوس کے لئے پہلی اور ضروری چیز کونسی ہے؟

جواب۔ دعا۔

سوال۔ حضور نے خلیفہ وقت کی دعاؤں اور عام لوگوں کی دعاؤں میں فرق کی مثال کیا دی ہے؟

جواب۔ آپ نے فرمایا: ''میری اور تمہاری دعاؤں میں فرق ہے جیسے ایک ضلع کے افسر کی رپورٹ کا اور اثر ہوتا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر کا اور۔ وائسرے کا اور۔

سوال۔ خلیفہ وقت کی دعاؤں کی کیا کیفیت ہوتی ہے؟

جواب۔ اللہ تعالیٰ جس کسی کو منصب خلافت پر سرفراز کرتا ہے تو اس کی دعاؤں کی قبولیت بڑھا دیتا ہے کیونکہ اگر اس کی دعائیں قبول نہ ہوں تو پھر اس کے اپنے انتخاب کی ہتک ہوتی ہے۔

سوال۔ قادیان کی زمین کے بابرکت ہونے کے بارہ میں حضور کی رویا بیان کریں؟

جواب۔ آپ نے فرمایا:۔ میں نے دیکھا کہ ایک شخص عبدالصمد کھڑا ہے اور کہتا ہے۔'' مبارک ہو قادیان کی غریب جماعت تم پر خلافت کی رحمتیں یا برکتیں نازل ہوتی ہیں۔''

سوال۔ افراد جماعت کی تعلیم کے بارہ میں آپ کی کیا خواہش تھی؟

جواب۔ ایسا ہونا چاہئے کہ جماعت کا کوئی فرد عورت ہو یا مرد باقی نہ رہے جو لکھنا پڑھنا نہ جانتا ہو۔

سوال۔ حضرت مصلح موعود نے اپنی عمر پر اعتراض کرنے والے لوگوں کو کس گورنر کا واقعہ سنایا؟

جواب۔ کوفہ کے گورنر ابن ابی لیلیٰ کی عمر 19 سال تھی۔

سوال۔ ابن ابی لیلیٰ کا اپنی عمر کے سوال پر کیا جواب تھا؟

جواب۔ آنحضرت ﷺ نے جب صحابہ کے لشکر پر اسامہؓ کو افسر بنا کر شام کی طرف بھیجا تو جو اس وقت ان کی عمر تھی اس سے میں دو سال بڑا ہوں۔

سوال۔ حضرت اسامہ کی عمر کیا تھا جب انہیں صحابہ کے لشکر پر افسر مقرر کیا گیا؟

جواب۔ 17 سال

سوال۔ حضرت خلیفہ ثانی کی مسند خلافت پر متمکن ہونے کے وقت کیا عمر تھی؟

جواب۔ 25 سال۔

سوال۔ مشورہ کے کیا فوائد ہوتے ہیں؟

جواب۔ مختلف لوگوں کے خیالات سن کر بہتر رائے قائم کرنے کا انسان کو موقع ملتا ہے۔

☆ دماغی طاقتیں ضائع نہیں ہوتیں بلکہ قومی کاموں میں مل کر غور کرنے اور سوچنے اور کام کرنے کی طاقت پیدا ہوتی ہے۔

☆ مشورہ سے لوگوں کو سوچنے کا موقع ملتا ہے اور اس سے ان کی استعدادوں میں ترقی ہوتی ہے۔

☆ ہر شخص کو اپنی رائے چھوڑنے میں آسانی ہوتی ہے اور طبیعتوں میں ضد اور ہٹ نہیں پیدا نہیں ہوتی۔

☆ آئندہ لوگ خلافت کے لئے تیار ہوتے رہتے ہیں۔

☆ اگر خلیفہ مشورہ نہ لے تو اس کا نتیجہ یہ نکلے کہ قوم میں کوئی دانا انسان ہی نہ رہے۔

سوال۔ سابقہ حکومتوں کی تباہی کی کیا وجہ تھی؟

جواب۔ شاہی خاندان کے لوگوں کو مشورہ میں شامل نہ کیا جاتا تھا جس کا نتیجہ یہ ہوتا کہ ان کے دماغ مشکلات حل کرنے کے عادی نہ ہوتے تھے اور حکومت رفتہ رفتہ تباہ ہو جاتی تھی۔

مکرم محمد اقبال عابد صاحب

صحبت صالحین کی ضرورت اور فیوض و برکات

صحبت صالحین سے مراد ہے نیک لوگوں کی مجلس میں بیٹھنا۔ ان کی باتیں سننا اور ان جیسا بننے کی کوشش کرنا۔ سورۃ توبہ کی آیت نمبر 119 میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ کہ ''اے مومنو! اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور صادقوں کی جماعت کے ساتھ شامل ہو جاؤ۔''

ہمارے آقا و مولا حضرت محمد ﷺ نے ایک موقع پر ایک تمثیل بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ ''نیک ساتھی اور برے ساتھی کی مثال ان دو شخصوں کی طرح ہے جن میں سے ایک کستوری اٹھائے ہوئے ہو اور دوسرا بھٹی جھونکنے والا ہو۔ کستوری اٹھانے والا تجھے مفت خوشبو دے گا یا تو اس سے خریدے گا ورنہ کم از کم تو اس کی خوشبو اور مہک تو سونگھ ہی لے گا اور بھٹی جھونکنے والا یا تیرے کپڑے جلا دے گا یا اس کا بدبودار دھواں تجھے تنگ کرے گا۔

(مسلم کتاب البر والصلۃ باب استحباب مجالسۃ الصالحین)

ایک اور حدیث میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ کہ انسان اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے۔ (یعنی دوست کے اخلاق کا اثر انسان پر ہوتا ہے) اس لئے اسے غور کرنا چاہئے کہ وہ کیسے دوست بنا رہا ہے۔

(ابو دائود کتاب الادب باب من یومر ان یجلس)

صحبت صالحین سے متعلق زمانے کے امام حضرت مسیح موعود و مہدی معہود فرماتے ہیں۔

''مثل مشہور ہے تخم تاثیر صحبت را اثر، اس کے اول جزو (حصہ) پر کلام ہو تو ہو، لیکن دوسرا حصہ ''صحبت را اثر'' ایسا ثابت شدہ مسئلہ ہے کہ اس پر زیادہ بحث کرنے کی ہم کو ضرورت نہیں۔......... اگر تم اپنے بچوں کو عیسائیوں، آریوں، اور دوسروں کی صحبت سے نہیں بچاتے یا کم از کم نہیں بچانا چاہتے تو یاد رکھو کہ نہ صرف اپنے اوپر بلکہ قوم پر اور (دین) پر ظلم کرتے ہو اور بہت بڑا بھاری ظلم کرتے ہو۔

(ملفوظات جلد اول ص 45)

پھر ایک اور موقع پر حضرت اقدس مسیح موعود نے فرمایا کہ ''دنیا میں دو قسم کے تعلقات ہوتے ہیں۔ ایک جسمانی تعلقات جیسے ماں باپ بھائی بہن وغیرہ کے تعلقات۔

دوسرے روحانی تعلقات۔ یہ دوسری قسم کے تعلقات اگر کامل ہو جائیں تو سب قسم کے تعلقات سے بڑھ کر ہوتے ہیں اور یہ اپنے کمال کو تب پہنچتے ہیں۔ جب ایک عرصہ تک صحبت میں رہے۔ دیکھو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جو جماعت صحابہؓ کی تھی۔ اس کے یہ تعلقات ہی کمال کو پہنچے ہوئے تھے۔ جو انہوں نے نہ وطن کی پرواہ کی اور نہ اپنے مال و املاک کی اور نہ عزیز و اقارب کی۔

(ملفوظات جلد اول ص 484)

صحبت صالحین پر مزید روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا۔ پھر یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ صبر کی حقیقت میں سے یہ بھی ضروری بات ہے کہ......... صادقوں کی صحبت میں رہنا ضروری ہے (توبہ: 119) بہت سے لوگ ہیں جو دور بیٹھ رہتے ہیں اور کہہ دیتے ہیں کہ کبھی آئیں گے اس وقت فرصت نہیں ہے۔ بھلا تیرہ سو سال کے موعود سلسلہ کو جو لوگ پالیں اور اس کی نصرت میں شامل نہ ہوں اور خدا اور رسولؐ کے موعود کے پاس نہ بیٹھیں وہ فلاح پا سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔

(ملفوظات جلد اول ص 124)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں...... اس نے نجات پائی جس نے اپنے نفس کا تزکیہ کیا...... (الشمس: 10) تزکیہ نفس کے واسطے صحبت صالحین اور نیکوں کے ساتھ تعلق پیدا کرنا بہت مفید ہے۔

(ملفوظات جلد جلد اول ص 306)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں

''زندوں کی صحبت تلاش کرو اور بار بار اس کے پاس آکر بیٹھو۔ ہاں ہم یہی کہتے ہیں کہ ایک دو مرتبہ میں تاثیر نہیں ہوتی۔ سنت اللہ اسی طرح پر جاری ہے کہ ترقی تدریجاً ہوتی ہے۔ جیسے رسول اللہ ﷺ کے سلسلہ میں تدریجی ترقی ہوئی......... پس چاہئے کہ صحابہ کی طرح اپنے کاروبار چھوڑ کر یہاں آکر بار بار اور عرصہ تک صحبت میں رہو۔ یہ فضل اور برکت صحبت میں رہنے سے ملتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے پاس صحابہ بیٹھے۔ آخر نتیجہ یہ ہوا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ اللّٰہ اللّٰہ فی اصحابی۔ گویا صحابہؓ خدا کا روپ ہو گئے۔ یہ درجہ ممکن نہ تھا کہ ان کو ملتا اگر دور ہی بیٹھے رہتے .... خدا کا قرب، بندگان خدا کا قرب ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 351)

قرآن کریم احادیث اور حضرت مسیح موعود کے ان حوالجات سے صحبت صالحین کی برکات اور اہمیت واضح ہو جاتی ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ موجودہ زمانہ میں صالحین کہاں سے تلاش کئے جائیں جن کی صحبت میں رہ کر انسان روحانی منازل کو طے کر سکے۔ احمدی احباب کے لئے اس کا جواب آسانی سے مل سکتا ہے لہٰذا ذیل میں وہ ذرائع اور صالح وجود لکھے جاتے ہیں جن کی صحبت کے لمحات انسانوں کی کایا پلٹتے چلے آرہے ہیں۔

1۔ صحبت صالحین کے ذرائع

خلیفۃ المسیح کا بابرکت وجود

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کا وجود بہت بابرکت ہے۔ لہٰذا وہ احمدی احباب جن کو اللہ تعالیٰ نے توفیق دی ہوئی ہے کہ امام جماعت احمدیہ سے شرف ملاقات کر سکیں اور لندن جا سکیں وہ ضرور جائیں اور حضور پُرنور کی بابرکت صحبت سے فیضیاب ہوں۔ واپس آکر ایک لمبے عرصہ تک حضور انور کی ملاقات کی چاشنی اور روحانی لذت سے فیضیاب ہوتے رہیں گے۔

MTA-2

وہ احمدی احباب جو لندن جا کر خلیفۃ المسیح کی صحبت سے فیضیاب نہیں ہو سکتے ان کے لئے اللہ تعالیٰ نے MTA کو فیض رسانی کا ذریعہ بنایا ہے۔ لہٰذا ایم ٹی اے باقاعدگی سے دیکھنا اور گھر والوں کو ایم ٹی اے کا عادی بنانا اور خلیفۃ المسیح کی باتیں سننا انسان کو بہت ساری برائیوں سے بچانے کا باعث ہے۔

3۔ مقدس مقامات کی زیارت

ربوہ میں مرکزی دفاتر، جماعتی ادارہ جات اور مقدس مقامات ہیں۔ جن کو دیکھ کر جماعت کے ذریعہ ہونے والی خدمات دینیہ کی مہمات کی تفاصیل کا علم ہوتا ہے اور مقدس مقامات دعاؤں کی قبولیت اور آسمانی برکات کے حصول کا ذریعہ ہیں۔ جن کی زیارت تربیتی اعتبار سے بہت مؤثر کردار ادا کرتی ہے۔ لہٰذا تمام احمدی احباب کی کوشش ہونی چاہئے کہ گاہے بگاہے ربوہ آئیں اور بزرگان سلسلہ سے بھی ملیں اور بیت مبارک میں ضرور کوئی نہ کوئی نماز پڑھیں۔ اپنے لئے اپنے اہل خانہ اور جماعت کی ترقی کے لئے دعائیں کریں۔

4۔ مطالعہ کتب

1۔ صحبت صالحین کے ذرائع پر اگر غور کریں تو جہاں کوئی بھی اور ذریعہ نہ ہو وہاں قرآن پاک تو ضرور مل ہی جاتا ہے۔ لہٰذا قرآن پاک کی کثرت سے تلاوت اور ترجمہ اور تفسیر انسان کو صالحیت کے مقام سے بھی آگے لے جا سکتا ہے۔

2۔ قرآن پاک کے علاوہ احادیث کا مطالعہ جس میں رسول کریم ﷺ کے ارشادات پڑھنے کو ملتے ہیں انسان کے اندر روحانی تبدیلی پیدا کئے بغیر نہیں رہتے۔

3۔ سیدنا حضرت مسیح موعود کی کتب کے مطالعہ سے بھی نیکی کی طرف میلان ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے محبت بڑھتی ہے۔ قرآن کریم کی تلاوت کا شوق، اللہ کے رسول مقبول ﷺ سے محبت اور اطاعت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ خاص طور پر ملفوظات کے مطالعہ سے یوں محسوس ہوتا ہے کہ کوئی مامور من اللہ ہمارے ساتھ بیٹھا ہمیں تربیت دے رہا ہے اور ہمیں روحانی علوم سکھا رہا ہے۔ لہٰذا احمدی دوستوں کو ملفوظات اور روحانی خزائن کے مطالعہ سے بھر پور فیض حاصل کرنا چاہئے۔

صحبت صالحین کا فیض

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں۔

''قادیان آنے سے پہلے میں نے بڑی کوشش کی کہ مجھے ایک ساتھی ہی ایسا مل جائے جس کی محبت خالصتاً للہ ہو۔ چنانچہ میں نے اس غرض کے لئے ہزاروں روپیہ خرچ کیا۔ مگر مجھے ایک دوست بھی ایسا نہ ملا۔ مگر جب قادیان آیا تو مجھے ایسے دوستوں کی ایک جماعت خدا تعالیٰ نے دے دی کہ جن کو ملنے کے لئے میری روح تڑپتی تھی اور میری ایک پائی بھی خرچ نہ ہوئی'' .... ''دوسرا فائدہ میں نے آپ کی صحبت میں یہ اٹھایا کہ دنیا کی محبت مجھ پر بالکل سرد ہو گئی، کوئی ہو۔ مخالف یا موافق۔ میرے تمام کاروبار اور تعلقات کو دیکھے، کیا مجھ میں ذرا بھر بھی حب دنیا باقی ہے۔ یہ سب (حضرت) مرزا (صاحب) کی قوت قدسیہ اور فیض صحبت سے حاصل ہوا۔ یہ تو مشہور ہے کہ حب الدنیا رأس کل خطیئۃ پس میں نے مرزا (صاحب) کی صحبت سے وہ حاصل کیا۔ جو تمام تعلیمات الٰہیہ کا منشاء ہے اور ذریعہ نجات اور اسی دنیا میں بہشتی زندگی۔''

(حیات نور ص 603)

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ نیک لوگوں کی صحبت میں رہنے اور نیک باتیں سننے اور نیک باتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

بقیہ صفحہ 6 (خواتین میں دل کی بیماریاں)

ایڈوائس لیں اور اس سلسلے میں قطعاً تساہل یا ہچکچاہٹ کا مظاہرہ نہ کریں۔ زندگی بہت قیمتی ہے۔ محض اپنی لاپرواہی سے اسے ضائع نہ کریں۔ اگر خدانخواستہ خاتون خانہ کی زندگی کا چراغ گل ہو جائے تو سارا گھرانہ درہم برہم ہو جاتا ہے اور بچوں میں ماں کی محرومی کا احساس عمر بھر رہتا ہے اور کئی بچے تو نفسیاتی مریض بن جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حفظان صحت کے اصولوں پر چلنے کی توفیق دے اور عمر طویل عطا کرے۔ آمین

ہنری بیسیمر کون تھا؟

وہ برطانوی موجد تھا جو ہرٹفورڈ شائر انگلینڈ میں پیدا ہوا اور زیادہ تر تعلیم خود ہی حاصل کی۔ اس نے 1855ء میں سستا فولاد تیار کرنے کا ایک طریقہ پیٹنٹ کروایا جس کے باعث انگلینڈ میں فولاد کی پیداوار میں بہت اضافہ ہو گیا۔ اس کی شیفیلڈ سٹیل ورکس کمپنی (1859ء) آج بھی کام کر رہی ہے۔

مکرم لئیق احمد مشتاق صاحب مربی سلسلہ سورینام

سورینام کے ایک کامیاب مربی سلسلہ

محترم مولانا محمد صدیق صاحب ننگلی

خاکسار کو ذاتی طور پر محترم مولانا محمد صدیق ننگلی صاحب مرحوم سے ملنے کا اتفاق نہیں ہوا لیکن جس جگہ خاکسار مقیم ہے وہاں ان کا نام زبان زدعام ہے۔

محترم مولانا محمد صدیق ننگلی صاحب نے بحیثیت مربی سلسلہ تقریباً دس سال تک سورینام میں خدمات انجام دیں اور اپنی انتھک محنت اور کوشش سے ملک میں جماعت کو مضبوط بنیادوں پر قائم کیا۔ محترم مولانا صاحب 7 جون 1975ء کو گیانا سے سورینام تشریف لائے۔ اس وقت جماعت کی حالت کافی کمزور تھی۔ موصوف نے شب و روز محنت سے افراد جماعت میں نئی روح پھونکی اور جماعت نے ترقی کی نئی منازل طے کرنا شروع کیں۔ عہدیداران کا تقرر عمل میں آیا، چندہ جات کی وصولی کے لئے بجٹ تیار کیا گیا اور دعوت الی اللہ کے نئے راستے تلاش کئے گئے۔ موصوف سے پہلے بھی مربیان سلسلہ نے ریڈیو پروگرام کے ذریعہ سے دعوت الی اللہ کا طریق اپنایا تھا مولانا صاحب نے اس سلسلہ کو مستقل بنیادوں پر قائم کیا۔ چنانچہ ہر ہفتے ریڈیو پر ''جماعت احمدیہ ربوہ'' کے ٹائٹل کے نام سے 15 منٹ کا پروگرام شروع ہوا جس کو ہندو غیر از جماعت اور غیر مبائعین بڑے شوق سے سنتے تھے کیونکہ ان تقاریر میں دین حق کے فضائل اختلافی مسائل کے جوابات اور مذاہب کا تقابلی جائزہ پیش کیا جاتا تھا۔

سٹوڈیو کی انتظامیہ کا جو شخص ان پروگراموں کی ریکارڈنگ میں مدد کرتا تھا خاکسار کی کئی دفعہ اس سے ملاقات ہوئی ہے۔ وہ ہمیشہ بہت اچھے انداز میں ان کا ذکر کرتا کہ وقت کی پابندی ان کا شعار تھا اور ہمیشہ بہت مدلل انداز میں گفتگو کرتے اور ان کی گفتگو کی بنیاد قرآن مجید کے حوالوں پر مبنی ہوتی۔

محترم مولانا صاحب کے وقت میں جماعت کی مالی حالت زیادہ اچھی نہ تھی اور اس مسئلہ کے حل کیلئے انہوں نے مشن ہاؤس سے ملحقہ خالی زمین پر مرغیاں پال کر اور ان کے انڈے فروخت کر کے مشن کا خرچ چلایا۔ افراد جماعت کی بہتری کے لئے باقاعدہ کلاسیں شروع کیں اور سست بچوں کو کلاس کی طرف راغب کرنے کے لئے انہیں ابلے ہوئے انڈے بنا کر دیا کرتے تھے۔ یہ لوگ آج بھی ان کی اس شفقت کو یاد کرتے ہیں۔ آپ نے مسلسل کئی سال تک ریڈیو پر جماعت احمدیہ کے عقائد کو بڑے خوبصورت انداز میں پیش کیا اور عام رابطوں سے بھی جماعت کا پیغام مؤثر انداز میں لوگوں تک پہنچایا۔ آپ کی ان کوششوں کے نتیجہ میں علاقہ فوروبوئیتی (Fowruboiti) میں ایک نئی جماعت قائم ہوئی اور غیر مبائعین میں سے بہت سے لوگ نظام خلافت کو قبول کر کے جماعت میں داخل ہوئے۔ اس علاقہ میں جماعت کے قیام کے بعد محترم مولانا صاحب نے صدر جماعت محترم حسینی بدولہ صاحب کے ساتھ مل کر بیت الذکر کے لئے زمین کے حصول کی کوشش شروع کی اور خدا تعالیٰ کے فضل سے افراد جماعت کے گھروں کے قریب ہی ایک قطعہ اراضی حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے اور دعا کے ساتھ 25 دسمبر 1983ء کو بیت الذکر کی بنیاد رکھی۔ اور دو ماہ کے قلیل عرصہ میں وقار عمل کے ذریعہ سے ایک خوبصورت بیت الذکر تعمیر کی۔ اس علاقہ کے لوگ آج بھی اس وقار عمل کو یاد کرتے ہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اس کا نام نصر عطا فرمایا۔

امسال ہم نے اس بیت الذکر کی چھت کی تبدیلی اور تزئین نو کا کام شروع کیا ہے اس کی تمام چھت لکڑی اور لوہے اور ٹین سے بنائی گئی ہے اور درمیان میں ایک بڑا شہتیر ہے۔ موقعہ پر موجود افراد جماعت نے بتایا کہ جس وقت یہ شہتیر اس جگہ رکھا گیا تھا تو ایک سائیڈ سے صرف مولانا صاحب نے اس کو کندھے پر اٹھایا ہوا تھا اور دوسری سائیڈ پر تین چار لوگ تھے۔ اس بیت الذکر کا افتتاح 19 فروری 1984ء کو عمل میں آیا۔ اور ملک کے سب سے کثیر الاشاعت روزنامے (De Ware Tijd) نے اس سرخی کے ساتھ یہ خبر شائع کی کہ جماعت احمدیہ سورینام نے دو ماہ کے ریکارڈ وقت میں اپنی عبادت گاہ مکمل کر لی۔ اور اس بات کا بھی ذکر کیا کہ اس کی تعمیر میں مردوں عورتوں اور بچوں نے بڑے جذبے سے حصّہ لیا۔

محترم مولانا صاحب 1977ء کے آخر میں رخصت پر پاکستان تشریف لے گئے اور مارچ 1978ء میں اہل و عیال کے ساتھ واپس تشریف لائے۔ اور مئی 1984ء تک خدمات بجا لاتے رہے۔ آپ کی روانگی سے پہلے 2 مارچ 1984ء کو اخبار (De Ware Tijd) نے آپ کا تفصیلی انٹرویو شائع کیا اور لکھا کہ'' مولوی محمد صدیق مربی انچارج سورینام نے 1973ء تا 1975ء گیانا میں کام کیا۔ پھر 1975ء سے 1984ء تک سورینام میں خدمات انجام دیں۔ اور اب اپنے وطن واپس جاتے ہوئے بہت خوش دکھائی دیتے ہیں کیونکہ انہوں نے یہاں بہت محنت سے کام کیا اور اس کے خاطر خواہ نتائج بھی برآمد ہوئے اور ایک چھوٹی سی جماعت تعداد میں کئی گنا بڑھ گئی ہے اور آپ کے کارناموں میں علاقہ فوروبوئیتی میں ایک بیت الذکر کی تعمیر بھی شامل ہے۔ جماعت احمدیہ کے عقائد کی دعوت الی اللہ کے لئے مولانا محمد صدیق کا ہفتہ وار ریڈیو پروگرام 1975ء تا 1984ء جاری رہا۔ اور انہوں نے 400 سے زائد تقاریر کیں۔ اور ایک احمدی مربی کے طور پر بڑی کامیابیاں سمیٹنے کے بعد اب پاکستان واپس جا رہے ہیں۔

محترم مولانا محمد صدیق صاحب کی روانگی سے قبل محترم مولانا محمد اشرف اسحاق صاحب بطور مربی سلسلہ سورینام تشریف لے آئے تھے۔ روانگی سے قبل مولانا صاحب نے جماعتی وفد کے ساتھ سورینام کے صدر سے ملاقات کی اور قرآن مجید اور جماعتی لٹریچر پیش کیا۔ اس ملاقات کی جھلکیاں ٹی وی پر دکھائی گئیں نیز مقامی اخبار نے بھی اس کو شائع کیا۔

خاکسار کو سورینام آئے ہوئے قریباً 7 سال ہونے والے ہیں۔ اس عرصہ میں سینکڑوں ایسے لوگ جو جماعت کو مولانا صدیق صاحب کے حوالے سے جانتے ہیں۔ اور ان کا ذکر بہت محبت کے ساتھ کرتے ہیں اور وہ لوگ جنہیں ان کی وجہ سے جماعت میں شامل ہونے کا موقع ملا وہ بھی بہت ہی جذباتی انداز میں انہیں یاد کرتے ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 1991ء کے وسط میں سورینام میں قدم رنجہ فرمایا اور اس خطہ زمین کو برکت بخشی۔ اس وقت محترم مولانا حسن بصری صاحب سورینام میں خدمات بجا لا رہے تھے۔ اس دورے کے بعد حضور نے اپنے ایک مکتوب میں محترم مولانا محمد صدیق ننگلی صاحب کو تحریر فرمایا کہ سورینام جا کر معلوم ہوا ہے کہ آپ وہاں پر بہت نیک نام چھوڑ کر آئے ہیں۔ آپ نے بعد از ریٹائرمنٹ خدمات جاری رکھنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا اگر ایسا ہے تو آپ کو دوبارہ سورینام بھجوایا جا سکتا ہے۔

یہ ایک واقف زندگی کی خدمات کو بھرپور خراج تحسین ہے جو خلیفہ وقت کی طرف سے اسے ملا۔

خدا تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔

ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

